01/05/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **تجمل احمد** سے خبریں سُنئے

WAVES

آج ممبئی کے جیو ورلڈ کنونشن سینٹر میں شروع ہو رہا ہے ۔ چار WAVES 2025 Entertainment سمٹ پہلا آڈیو ویژول انڈسٹری کے مستقبل پر بحث و تمحیث کے لئے ایک Entertainment روز تک جاری رہنے والا یہ سمٹ آڈیو ویژول اور عالمی پلیٹ فارم مہیا کرے گا ۔ وزیر اعظم نریند رمودی اس سمٹ کا افتتاح کریں گے ۔ اس سمٹ میں ایک سو ممالک کے پانچ ہزار سے زائد مندو بین شرکت کریں گے اور اس دوران تفریحی سٹارٹ اپس کو اپنے خیالات اور اختراع کو گلوبل آڈئینس کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم ہو گا ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جموں کشمیر کی سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے جموں کشمیر سے دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کی خاطر مختلف سکیورٹی ایجنسیوں کے ما بین مضبوط تال میل پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر کے عوام نے سرحد پار کی دہشت گردی کو ختم کرنے کا تہیہ کیا ہے اور سکیورٹی ایجنسیوں کو اس مشن کی تکمیل کے لئے بہتر تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے ۔ میٹنگ میں پولیس سربراہ نلن پربھات، پرنسپل سیکریٹری ہوم چندرا کر بھارتی اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی ۔

فیصلہ

بھارت نے پاکستانی پروازوں کے لئے اپنی فضائی حدودکو بند کر دیا ہے ۔ یہ فیصلہ حالیہ پہلگام حملے کے پس منظر میں لیا گیا ہے اور یہ 23 مئی تک زیر عمل رہے گا ۔ مرکزی وزارت شہری ہوا بازی نے اس سلسلے میں باضابطہ طور ایک نوٹس جاری کیا ہے ۔

عدولی

پاکستانی افواج نے تیس اپریل اور یکم مئی کی درمیانی رات لائن آف کنٹرول پر کپواڑہ ، اوڑی اور اکھنور علاقوں میں چھوٹے ہتھیاروں سے بغیر اشتعال فائرنگ کی جس کا بھارتی افواج نے بھی موثر جواب دیا ۔

دریں اثناءبھارت کے ڈائریکٹر جنرل ملٹری آپریشنز نے کل اپنے پاکستانی ہم منصب کے ساتھ ہاٹ لائن پر بات کر کے انہیں پاکستان کی جانب سے لائن آف کنٹرول پر کی جانے والی بلا اشتعال فائرنگ کے حوالے سے خبر دار کیا ۔

نتائج

جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے کل رات دیر گئے دسویں جماعت کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے ۔ اس امتحان میں کُل ایک لاکھ 45 ہزار 671 امیدوار شامل ہوئے تھے جن میں سے ایک لاکھ 16 ہزار 453 امیدوار کامیاب ہوئے ہیں ۔ اس طرح سے کامیاب امیدواروں کی شرح قریب 80 فیصد رہی ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ،وزیر تعلیم

سکینہ ایتو اورمحکمہ تعلیم کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شانت منو نے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات میں کامیاب ہونے والے طلباءکو مبارک باد پیش کی ہے ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر چودھری نے کل نوشیرہ کی بھوانی پنچایت میں ایک عوامی دربار کا انعقاد کر کے لوگوں کے مسائل سنے ۔ دربار ے دوران مقامی لوگوں نے انہیں در پیش مسائل موصوف کی دانست میں لائے اور ان کے ازالے کی مانگ کی ۔ نائب وزیر اعلیٰ نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کے لئے فوری کاروائی کی جائے گی ۔

یاترا انتظامات

صحت و طبی تعلیم کے سیکریٹری سید عابد رشید شاہ نے بال تل کا دورہ کر کے امر ناتھ یاترا 2025 کے لئے صحت کے تعلق سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے بال تل بیس کیمپ میں سو بستروں والے اسپتال بالخصوص ICU کا دورہ کر کے وہاں دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے یاترا شروع ہونے سے قبل تمام انتظامات کوحتمی شکل دینے کی ہدایت دی ۔ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کشمیر ڈاکٹر جہانگیر بخشی بھی تھے ۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ ضلع میں 96 پنچایتوں کو NTEP کے تحت ٹی بی مکت قرار دیا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں منی سیکریٹریٹ بانڈی پورہ میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دورانٹی بی فری پنچایت ایوارڈ پیش کئے گئے ۔ اس موقعہ پر بتایا گیا کہ ضلع کے کُل 151 پنچایتوں میں سے 96 پنچایتیں تپ دِق سے پاک قرار دی گئی ہے جبکہ باقی ماندہ پنچایتوں میں بھی اس طرح کی کوششیں جاری ہیں ۔

کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے جل شکتی ابھیان Catch the Rain 2025 کا جائزہ لینے کے لئے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے کہا کہ مہم کے تحت جاری پروجیکٹوں کی تیز تر تکمیل کی خاطر متعلقہ محکموں کو آپسی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت26 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ